نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے اہم اجلاس

آئندہ 60 دن کپاس کی مینجمنٹ کے حوالے سے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور:26 جولائی 2025: صوبہ پنجاب میں روئی کی 6 ملین گانٹھوں کے حصول کیلئے فیلڈ فارمیشنز مزید متحرک ہیں۔ڈویژن، ڈسٹرکٹ اور تحصیل کی سطح پر کپاس کی نگہداشت کیلئے قائم ٹیکنیکل کمیٹیاں فعال کردار ادا کر رہی ہیں۔کپاس کے کاشتکاروں کو معیاری و سستی پیسٹی سائیڈز کی فراہمی کیلئے 42 کسان سہولت سنٹرز قائم ہیں۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان میں کپاس کی موجودہ صورت حال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو کا مزید کہنا تھا کہ کپاس کی فصل اس وقت بڑھوتری اور پھل اٹھانے کے اہم مرحلے میں داخل ہو چکی ہے اور آئندہ 60 روز کپاس کی فصل کے لیے نہایت اہم ہیں۔لہٰذا فیلڈ فارمیشنز کپاس کی نگہداشت میں مزید تیزی لائیں۔کپاس کے اس نازک مرحلے پر فنی رہنمائی میں کسی قسم کی سستی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ماہرین کی سفارشات کے مطابق کاشتکاروں کو نیوٹریشن اور پیسٹ مینجمنٹ کے سلسلے میں آگاہی فراہم کی جائے۔کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار اور اعلیٰ معیار کا حصول اہم ہدف ہے۔کپاس کی صاف چنائی کے بارے میں خصوصی مہم چلائی جائے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ رپورٹس کے مطابق کپاس کی صورت حال تسلی بخش ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کسان سہولت سنٹرز پر روزانہ کی بنیاد پر کاشتکاروں کی آمد اور پیسٹی سائیڈز کی خریداری کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جائے اور ان مراکز پر پیسٹی سائیڈز کی مارکیٹ سے کم نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے۔اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔اس کے علاوہ ڈائریکٹر جنرل ریسرچ ڈاکٹر ساجد الرحمان، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت دیگر افسران آن لائن شریک ہوئے۔

☆☆☆☆